Ref: GSPL/PR/25/25/023
Date: 03/07/2025

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف نے سمر انٹرنشپ پروگرام 2025 کا آغاز کردیا

صحت، حفاظت و ماحولیات کے شعبے میں معروف، گروسیف نے 8 شرکاء کی قابلیت کی بنیاد پر شمولیت کے ساتھ سمر انٹرنشپ پروگرام 2025 کے کامیاب آغاز کا اعلان کردیا ہے۔

مذکورہ 8 طلبہ و طالبات نے ادارے کے مختلف کلیدی شعبوں، خصوصاً سیلز اور مارکیٹنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ایڈمنسٹریشن اور تیکنیکی سروسز میں 6 ہفتوں پر مشتمل انٹرنشپ کا آغاز کیا۔

اس پروگرام کے ذریعے ادارہ، نہ صرف درکار ملکی صنعتی استعداد، بلکہ افرادی قوت کے شعبے کو بھی تقویت دینے کا اعادہ کرتا ہے۔ سیکھنے اور آگے بڑھنے کے ان اقدامات کا مقصد تعلیمی اور عملی شعبوں میں موجود خلیج کو پُر کرنا ہے، اور اس طرح طلبہ و طالبات، خاص طور پر حال ہی میں گریجویشن مکمل کرنے والے نوجوانوں کے لیے تربیت کے اہم مواقع پیدا ہورہے ہیں۔

یہ انٹرنشپ گروسیف کے کارپوریٹ سوشل ذمداری کے حوالے سے عزم کو بھی عیاں کرتی ہے، جس کا خاص ہدف اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز اور قیادت کی صلاحیت رکھنے والے افراد کو اجاگر کرنا اور تابناک ملکی مستقبل کو یقینی بنانا ہے۔

یوں ادارہ قابل افراد کی حوصلہ افزائی اورحفاظت، صحت اور ماحولیات کی معلومات عام کرنے کے اپنے مشن کو آگے بڑھارہا ہے تاکہ آنے والے دنوں میں پاکستان ایک پائیدار اور قابلِ انحصار صنعتی مستقبل کو یقینی بناسکے۔

بشکریہ،

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe